اعداد و شمار سے متعلق چند باتیں

مالی استحکام کا جائزہ 2023ء میں CY کو کیلنڈر سال اور FY کو مالی سال (جو کیلنڈر سال میں جولائی سے شروع ہوتا ہے اور اگلے کیلنڈر سال کے جون پر ختم ہوتا ہے)، جبکہ Q1 تا Q4 کیلنڈر سال یا مالی سال کی چار سہ ماہیوں اور H1 اور H2 کیلنڈر سال یا مالی سال کی دو ششماہیوں کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔ جہاں کہیں حتمی تاریخ بیان کرنا مقصود تھا، وہاں تاریخیں مکمل شکل میں دی گئی ہیں (مثال کے طور پر، 29 نومبر 2021ء) جبکہ جہاں صرف مہینے کا بتایا گیا ہے وہاں مختصراً (مثلاً ستمبر-21ء) اور مکمل شکل (مثال جیسے ستمبر 2021ء) دونوں طرح لکھا گیا ہے۔

یہ جائزہ مختلف اجزا کے مالی اداروں کے آڈٹ و غیر آڈٹ شدہ کھاتوں (جہاں دستیاب ہو) میں شامل اعداد و شمار پر مبنی ہے، جسے ذیل میں دیا گیا ہے:

- بینکوں (روایتی یا اسلامی)، ترقیاتی مالی اداروں (ڈی ایف آئیز)، خرد مالکاری بینکوں (ایم ایف بیز) اور ادائیگی کے نظاموں کے بارے میں اعداد و شمار کی بنیاد غیر آڈٹ شدہ مالی گوشوارے ہیں جو کھاتوں کے سہ ماہی رپورٹنگ چارٹ (Quarterly Reporting Chart of Accounts-RCOA) اور دیگر ریٹرنز کے ذریعے اسٹیٹ بینک کو پہنچائے جاتے ہیں۔
- نان بینک مالی اداروں (این بی ایف آئیز) کے اعداد و شمار اسپیشلائزڈ کمپنیز ریٹرن سسٹم (ایس سی آر ایس) کے ذریعے ایس ای سی پی کو جمع کرائی گئی ماہانہ رپورٹس پر مبنی ہیں۔
- بیمہ کمپنیوں کے اعداد و شمار بیمہ کمپنیوں کی ویب سائٹس سے اخذ کردہ آڈٹ شدہ اور غیر آڈٹ شدہ مالی گوشواروں اور ایس ای سی پی کو جمع کرائے گئے ضوابطی گوشواروں پر مبنی ہوتے ہیں۔

کارپوریٹ شعبے سے متعلق ڈیٹا سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان، اسٹیٹ بینک آف پاکستان، پاکستان اسٹاک ایکسچینج، بلومبرگ اور کمپنیوں کے مالی گوشواروں سے لیا گیا ہے۔